# بگ ڈیٹا کا تجزیہ | بے روزگاری

**یونیورسٹی کی ڈگری، اور نوکری کے لیے لمبی قطار؟ پاکستان میں نوجوان گریجویٹس (20 سے 24 سال کی عمر) میں بے روزگاری کی شرح 33% تک پہنچ گئی۔**

گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس کی جانب سے پاکستان لیبر فورس سروے 2024-25 کے تجزیے کے مطابق، گریجویٹس میں بے روزگاری کی شرح 18.3% ہے، جو کہ تمام تعلیمی سطحوں پر ملک کی عام بے روزگاری کی 14.7% شرح سے زیادہ ہے۔



**32.8%**

ہر ایک میں سے تین گریجویٹ نوجوان جن عمر بیس سے بائیس سال کے درمیان ہے بے روزگاری سے دو چار ہے

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

## بے روزگاری

## یونیورسٹی کی ڈگری، اور نوکری کے لیے لمبی قطار؟ پاکستان میں نوجوان گریجویٹس (20 سے 24 سال کی عمر) میں بے روزگاری کی شرح %33 تک پہنچ گئی۔

(اسلام آباد)، 11 اگست 2026

عام طور پر یہ توقع کی جاتی ہے کہ یونیورسٹی کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد روزگار کے مواقع بڑھ جاتے ہیں۔ لیکن پاکستان میں، ڈگری حاصل کرنے کا مطلب نوکری کے لیے پہلے طویل انتظار کرنا ہے۔

گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس کی جانب سے پاکستان لیبر فورس سروے 2024-25 کے تجزیے کے مطابق، گریجویٹس میں بے روزگاری کی شرح %18.3 ہے، جو کہ تمام تعلیمی سطحوں پر ملک کی عام بے روزگاری کی %14.7 شرح سے زیادہ ہے۔

یہ مسئلہ خاص طور پر نوجوان گریجویٹس میں زیادہ سنگین ہے۔

20 سے 24 سال کے گریجویٹس میں بے روزگاری کی شرح %32.8 ہے، یعنی تقریباً ہر تین میں سے ایک نوجوان گریجویٹ بے روزگار ہے۔ عمر بڑھنے کے ساتھ یہ شرح کم ہوتی جاتی ہے۔ 25 سے 29 سال کی عمر میں یہ شرح %24.8، 30 سے 34 سال میں %15.3 اور 40 سے 44 سال کی عمر میں صرف %5.3 رہ جاتی ہے۔

ان اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ گریجویٹس کے لیے بے روزگاری مستقل نہیں، بلکہ ایک طویل انتظار کا نام ہے۔ بہت سے گریجویٹس کو آخر کار نوکری مل ہی جاتی ہے، لیکن چند سال تلاش کرنے، انتظار کرنے یا اپنی تعلیم سے کم تر درجے کی نوکری قبول کرنے کے بعد۔

خواتین کے لیے حالات اور بھی مشکل ہیں۔

20 سے 24 سال کی گریجویٹ خواتین میں بے روزگاری کی شرح %42.3 ہے، جبکہ اسی عمر کے مرد گریجویٹس میں یہ شرح %26.1 ہے۔ 25 سے 29 سال کی عمر کی خواتین میں یہ فرق مزید بڑھ جاتا ہے، جہاں %45.2 گریجویٹ خواتین بے روزگار ہیں، جبکہ مرد گریجویٹس میں اس حوالے سے شرح %14.9 دیکھنے میں آئی۔ اسی طرح، 30 سے 34 سال کی عمر کی گریجویٹ خواتین میں بے روزگاری کی شرح %36.1 ہے، جبکہ مرد گریجویٹس میں یہ شرح صرف %7.9 پائی گئی۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان کا مسئلہ صرف زیادہ گریجویٹس پیدا کرنا نہیں ہے۔ اصل ضرورت یہ ہے کہ تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے مناسب اور معیاری روزگار کے زیادہ مواقع پیدا کیے جائیں۔ اس کے ساتھ ان رکاوٹوں کو بھی دور کرنا ضروری ہے جن کی وجہ سے تعلیم یافتہ خواتین کو مردوں کے مقابلے میں نوکری حاصل کرنے کے لیے کہیں زیادہ انتظار کرنا پڑتا ہے۔

یونیورسٹی کی ڈگری کو بہتر اور باعزت روزگار تک پہنچنے کا ذریعہ ہونا چاہیے۔ لیکن کئی پاکستانی نوجوانوں کے لیے یہ نوکری کی ایک لمبی اور مشکل تلاش کا آغاز بن چکی ہے۔

GALLUP PAKISTAN · DATA JOURNALISM

Gallup Pakistan


# Pakistan's graduates face the toughest job market right after they graduate

Unemployment rate among graduates (bachelor's degree or higher) by age group, and the much steeper gap facing young women. Pakistan Labour Force Survey 2024–25, ILO definition.

| 32.8% | 45.2% | 18.3% |
|---|---|---|
| Unemployment rate, graduates aged 20-24 | Peak female graduate unemployment (age 25-29) | Overall graduate unemployment rate, vs. 14.7% nationally across all education levels |


### UNEMPLOYMENT RATE AMONG GRADUATES BY AGE GROUP

Unemployment is highest right after graduation, then falls steadily




### SAME STORY, SPLIT BY SEX

Female graduates face far higher and longer-lasting unemployment




**IT'S A QUEUE, NOT A WALL**

Graduate unemployment falls from 33% to 5% between ages 20–24 and 40–44 — most graduates do eventually find work. The real cost is the wait: years of underused education while searching, often the most economically productive years of a career.

**WOMEN WAIT ROUGHLY TWICE AS LONG**

At every age band, female graduate unemployment is 1.6–3x higher than male. Even in their early 30s, over a third of female graduates in the labour force are still unemployed — a rate men fall below a decade earlier, in their mid-20s.

Source: Pakistan Labour Force Survey 2024-25 (PBS). Graduates defined as holding a bachelor's degree (2-year or 4-year) or higher. Unemployment follows the ILO definition: not working, actively looked for work in the last 4 weeks, and available to start within 2 weeks. Rates are share of the labour force (employed + unemployed) in each group.

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ تجزیہ گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس نے پاکستان بیورو آف سٹیٹسٹکس (PBS) کے پاکستان لیبر فورس سروے 2024-25 کے مائیکرو ڈیٹا کی بنیاد پر کیا ہے۔ اس تجزیے میں یونیورسٹی گریجویٹس میں بے روزگاری کو عمر اور جنس کے لحاظ سے دیکھا گیا ہے، تاکہ یہ سمجھا جا سکے کہ پاکستان کے تعلیم یافتہ افراد کو روزگار کے حوالے سے کن حالات کا سامنا ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 11th August 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)